ملکی بقاء وسلامتی کا عہد ۔۔۔ عہد حاضر میں قوم کا عہد
DAILY EHED KARACHI
روزنامہ عہد کراچی لاہور
سرپرست اعلیٰ سعید احمد خان
چیف ایڈیٹر عاطف اعجاز سیٹھی
ایڈیٹر سید گل نوید رضوی
چیف ایگزیکٹو عبدالصمد سہیل
منیجنگ ایڈیٹر لیاقت وارثی
نیوز ایڈیٹر محمد فضل حسین بھٹی
جلد نمبر 11 | جمعرات 10 اکتوبر 2024، 06 ربیع الثانی 1446ھ 26 اسوج (صفحات 4 قیمت 20 روپے) | شمارہ 102

نیو کراچی ٹاؤن میں ریٹائرڈ ملازمین کے واجبات کی ادائیگی کا سلسلہ جاری

چیئرمین محمد یوسف نے ملازمین کے واجبات کی ادائیگی کی مد میں بیاسی لاکھ اڑتیس ہزار روپے کے چیک تقسیم کئے

ریٹائرڈ اور متوفی ملازمین کے واجبات کی بروقت ادائیگی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں، چیئرمین محمد یوسف

کراچی (لیاقت وارثی) نیو کراچی ٹاؤن میں ریٹائرڈ ملازمین کے واجبات کی ادائیگی کا سلسلہ جاری ہے۔ ملازمین کے واجبات (لیوانکشمنٹ) کی ادائیگی کی مد میں بیاسی لاکھ اڑتیس ہزار روپے کے چیک تقسیم کئے گئے۔ چیئرمین محمد یوسف نے نیو کراچی ٹاؤن کے ریٹائرڈ ملازمین میں بقایاجات کے چیک تقسیم کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج الحمداللہ ہم نے ماضی قریب میں ریٹائرڈ ہونے والے افسران و ملازمین کے واجبات (لیوانکشمنٹ) کی ادائیگی کردی ہے یہ وہ بلدیاتی ملازمین ہیں جنہوں نے اپنی سروس کے دوران عوام کے بنیادی مسائل کو حل کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے، ہماری کوشش ہے کہ ریٹائرڈمنٹ کے بعد ملازمین کو مالی لحاظ سے کوئی دقت پیش نہ آئے۔ انشاءاللہ ہمارے دور کے درمیان ریٹائرڈ ہونے والے ملازمین کے واجبات بروقت ادا کئے جارہے ہیں، چیئرمین نے کہا کہ ریٹائرڈ اور فوت ہونے والے ملازمین کو حق دلوانا ہماری اوّلین ترجیح ہے، ملازمین اپنی زندگی کے کئی سال سرکاری اداروں میں اپنی خدمات سرانجام دیتے ہیں اور ریٹائر ہونے کہ بعد بھی وہ اپنے بقایا جات کے لئے انتظار کرتے ہیں جبکہ ان ملازمین کو ریٹائر ہونے کہ ایک ماہ کے اندر ہی تمام تر بقاجات ادا کردیئے جانا چاہئے تاکہ وہ اپنی زندگی میں ہی ان پیسوں کو سہی جگہ استعمال کرسکیں، انہوں نے کہا کہ منتخب نمائندے نہ صرف عوام کی خدمت کرنا چاہتے ہیں بلکہ نیو کراچی ٹاؤن کے ملازمین کے حقوق بھی دلانے میں اپنا پورا کردار ادا کررہے ہیں۔ انشاءاللہ ہماری کوششیں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ جماعت اسلامی کے منتخب نمائندے ملازمین وافسران کی فلاح و بہبود کے لئے کام کرتے رہیں گے، سابقہ دورِ حکومت میں حاضر سروس ملازمین کے رکے ہوئے واجبات کو بھی ادا کرنے کے لئے منصوبہ بندی کی جارہی ہے تاکہ ملازمین کو اس مہنگائی میں آسانی میئسر آسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو بہتر سے بہتر خدمات مہیا کرنے کے لئے نیو کراچی ٹاؤن کی آمدنی میں اضافہ کیا جارہا ہے۔ جس کے لئے محکمہ ٹیکس کو ہدایات دے دی گئیں ہیں۔ واضح رہے کہ نیو کراچی ٹاؤن کے ریٹائرڈ ملازمین اور فوت ہونے والے ملازمین کے لواحقین کو واجبات کی مد میں اب تک کروڑوں روپے ادا کئے جاچکے ہیں۔